Maulana Azad National Urdu University

M.A. Translation Studies, IV Semester Examination - May 2018

Paper : MATS401CCT : Refining Translation

پرچہ : ترجمہ کی تخلیص

Time : 3 hrs | Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر : 1

درج ذیل الفاظ کی جمع بنائیے

i) حادثہ

ii) ضابطہ

درج ذیل الفاظ کے درست انگریزی متبادل لکھیے

iii) جمہوریہ

iv) صدابندی

درج ذیل جملوں کو درست کیجئے

v) زلزلے کے سبب دوسو افراد مارے گئے۔

vi) کل ساحل دریا کے کنارے اس سے ملاقات ہوئی۔

درج ذیل کے لئے صحیح لفظ لکھیے

vii) انصاف کرنے والا (مصنف، منصف)

viii) تیز چلنے والا (تیز گام، صبارفتار)

درج ذیل اردو محاورے کا انگریزی مترادف لکھیے

ix) ایک تیر سے دو شکار کرنا

P.T.O

درج ذیل شعر میں کون سا عیب پایا جاتا ہے

x) کس کس کو بتائیں گے جدائی کا سبب ہم
تو ہم سے خفا ہے تو زمانے کے لئے آ
(تعقید لفظی، شتر گربہ، تنافر صوتی)

حصہ دوم

2۔ ادارت کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اہم مقاصد پر روشنی ڈالیے۔

3۔ ترجمے اور تخلیق کی ادارت میں کیا فرق ہے؟ مدلل بحث کیجیے۔

4۔ تاریخ، سیاسیات اور مذہبیات پر مشتمل ترجمہ شدہ مواد کی ادارت کے دوران پیش آنے والی مشکلات کا جائزہ لیجیے۔

5۔ پروف خوانی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

6۔ ادارت کے دوران لغت کی اہمیت کس قدر ہے؟ اپنی رائے ظاہر کیجیے۔

7۔ کسی ترجمہ شدہ متن کی ادارت کے سلسلے میں جدید تکنیکی وسائل سے کیا مدد لی جا سکتی ہے؟ اپنی رائے ظاہر کیجیے۔

8۔ تھیسارس سے آپ کیا سمجھتے ہیں اور ادارت کے کام میں اس کی کیا اہمیت ہے؟ واضح کیجیے۔

9۔ کسی ترجمہ شدہ علمی مواد کی ادارت کے دوران اس مضمون کی فرہنگ سے آپ کیا کام لے سکتے ہیں؟ مع امثال بحث کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ کیا کسی پروف خوان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ترجمہ شدہ متن میں کسی طرح کا حذف واضافہ کر سکے؟

11۔ رموز و اوقاف سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مدیر کے لئے کسی متن کی تفہیم میں ان کی کیا اہمیت ہے؟ واضح کیجیے۔

12۔ ترجمہ شدہ متن کے موضوع سے مدیر کی واقفیت کس قدر ضروری ہے؟ وضاحت کیجیے۔

13۔ ایک اچھے مدیر کے مزاجی اوصاف کا جائزہ لیجیے۔

14۔ درج ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔

(i) زبان پر مدیر کا عبور

(ii) ادبی متن کی ادارت کے مسائل

(iii) ٹائپ شدہ متن اور اس کی ادارت

☆☆☆